22/04/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنیے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رام بن میں بادل پھٹنے کے پیش نظر ہوئی تباہی کا جائزہ لینے کیلئے متاثرہ علاقوں کاا‌ز خود دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ضلع ترقیاتی کمشنر رام بن کے علاوہ کئی دیگرسول اور پولیس افسران تھے ۔ انہوننے مروگ اور کیلا موڈ میں حالات کا جائزہ لیتے ہوئے کہاکہ انتظامیہ متاثرہ لوگوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انتھک کام کر رہی ہے تاکہ متاثرہ کنبوں کی سلامتی اور با زآباد کاری کو یقینی بنایاجا سکے ۔ انہوننے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ شاہراہ کی بحالی کے کام میں سرعت لائیں تاکہ گاڑیوں کی آمد و رفت کا جلد ازجلد بحال کیاجا سکے۔

□وبائی کمشنر

اسی دوران ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے کہا ہے کہ وادی میں پیٹرول اور پیٹرولیم م□نوعات نیز اشیاءضروریہ کی کوئی کمی نہیں ہے ۔انہوننے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں۔

ڈی سی رام بن

ضلع ترقیاتی کمشنر رام بن ب□یر الحق چودھری نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ خراب موسمی □ورتحال اور حالیہ سیلابی ریلوں سے ہوئی تباہی کے پیش نظر آج رام بن ضلع کے تمام سرکاری و غیر سرکاری اسکول ، کالج اور تکنیکی تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔

ایڈوائزری

سرینگر جموں قومی شاہراہ آج لگاتار تیسرے روز بھی گاڑیونکی آمد رفت کیلئے بند ہے ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر د ی ہے کہ شاہراہ کی بحالی کا کام شد و مد سے جاری ہے۔ اور اس کام کیلئے افرادی قوت کے ساتھ ساتھ بھاری مشینری کوبھی کام پر لگا دیاگیا ہے۔ اس دورن مغل شاہراہ پر آج چھوٹی گاڑیوں کو پونچھ سے شوپیان کی طرف آنے کی اجازت ہوگی اور اس دوران مخالف سمت سے کسی بھی گاڑی کو چلنے کی اجازت نہیں ہوگی ۔

اس دوران کشتواڑ-سنتھن اننت ناگ اوربھدواره -چھمبا راستہ بھی تازہ برف بار ی کی وجہ سے بند ہے۔ مسافروں سے کہاگیا کہ وہ سفر شروع کرنے سے قبل ٹریفک کنٹرول یونٹس اور پولیس کنڑول روم سے رابطہ قائم کریں ۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے کل پولیس ڈسٹرکٹ بارہمولہ اور سوپور میناپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے اپنا دوہ مکمل کیا۔ انہوں نے کریری میں قائم اگلی چوکی کا بھی دورہ کیا۔اس سے قبل 18 اپریل کوانہوں نے کپواڑہ اور بانڈی پورہ اضلاع کا بھی اسی طرح کادورہ کیا تھا۔

ADGP

جموں کشمیر پولیس کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آنند جین نے انٹر-بٹالین سپورٹس میٹ 2025-کا کل جموں کے گلشن گراؤنڈ میں افتتاح کیا۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے انہوننے سپورٹس میٹ کی تیاریونپر اطمینان کا اظہار کیاپانچ دن پر محیط اس سپورٹس میٹ میں پولیس کے کل34یونٹس حص□ہ لے رہے ہیں-

WAVES

WAVESکئی ماہ کے علاقائی مقابلوں کے بعد ملک بھر کے گیارہ شہروں سے تمام فائنل لسٹس کو Anime and Manga National Finale مقابلے میں شرکت کرنے کیلئے منتخب کیا گیا بھارت کا اپنی نوعیت کاپہلا میڈیا اور انٹر ٹینمنٹ سمٹ جیو ورلڈ کنوینشن WAVES-2025ہے۔ سینٹر ممبئی میں یکم سے چار مئی کو منعقد ہو رہا ہے۔

ارتھ ڈے

آج دنیا بھرمیں ارتھ ڈے منایاجا رہا ہے۔ آج کے دن کرہ ارض کو در پیش خطرات اور ماحولیاتی توازن کو بر قرار رکھنے سے متعلق اقدامات کے ۓ بارے میں بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔ جمونکشمیر میں اس دن کی مناسبت سے متعدد تقریبات کا اہتمام کیاجارہا ہے۔

چنار کور

میں کامیابی حا□ل کرنے پر JEE Main-2025،فوج کے چنار کور نے طلباءکو کشمیر سپر50 لمیٹیڈ کے مشترکہ پروگرام کے تحت کئی طلباءنے LNG اور پیٹرو نیٹCSRL مبارکباد دی ہے۔ فوج غیر معمولی کامیابی حا□ل کی ہے۔ فوج نے مقامی نوجوانونکو با اختیار بنانے کیلئے اپنے عزم کو دُہرایا ہے۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گل لالہ کی کل 13ہزار103 سیاحوں نے سیر کی ۔ جن میںایک ہزار61مقامی ،11ہزار 963ملکی اور 61غیر ملکی سیاح شامل تھے۔رواں برس اب تک کل ملا کر 8لاکھ27ہزار830سیاحوں نے اس باغ کی سیر کی ہے۔

پوپ

کے گذر جانے پر ملک بھر میںتین دن کاسوگ منایاجائے گا۔اس دورانیہ میں قومی Francis پوپ پرچم سر نگو رہے گا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ